06/06/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  شیخ انوارالحق سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

جموں کشمیر کے لئے آج ایک تاریخی دن ہے کیونکہ وزیر اعظم نریندر مودی آج کٹڑہ میں// کشمیر وادی کو ملک کے ریل نیٹ ورک سے جوڑنے کے پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے ۔ اس کی بدولت کشمیر کا باقی ملک کے ساتھ ہر موسم میں جاری رہنے کا رابطہ استوار ہو گا ۔ 272 کلو میٹر لمبے ادھمپور ،سرینگر ، بارہمولہ ریل لائن پر 44 ہزار کروڑ روپے کی خطیر رقم صرف کی گئی ہے ۔

وزیر اعظم کٹڑہ سے کشمیر تک وندھے بھارت ریل کو جھنڈی دکھانے کے علاوہ 46 ہزار کروڑ روپے مالیت سے زیادہ کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وزیر اعظم کے دورے کے پیش نظر کٹڑہ کا دورہ کر کے وہاں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ ادھمپور سرینگر بارہمولہ ریل لائن جموں کشمیر کے لئے ایک تاریخی پروجیکٹ ہے کیونکہ اس سے جموں کشمیر یوٹی مضبوط اور ترقی یافتہ بنے گی ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی // جموں کشمیر میں بنیادی ڈھانچے کی تنصیب ،یوٹی میں تیز تر ترقی کو یقینی بنانے کی  زندہ مثال ہے ۔

اشونی ویشنو

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ سرینگر اور جموں کے درمیان اس سال ستمبر کے مہینے میں براہِ راست ریل چلائی جائے گی ۔ انہوں نے کہا کہ جموں ریلوے سٹیشن پر توسیع کا کام جاری ہے ۔ وزیر موصوف نے وزیر اعظم کے دورے کے پیش نظر کٹڑہ میں تیاریوں کا جائزہ لےنے کے دوران کہا۔

وزیر اعلیٰ// ڈاکٹر جتندر سنگھ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے بھی وزیر اعظم کے دورے کے سلسلے میں کٹڑہ میں تیاریوں اور سلامتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ مرکزی وزیر اور وزیر اعلیٰ نے مختلف علاقونکا دورہ کرکے انتظامات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا۔

دوسری طرف سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا کہ اب لوگوں کو سفر کرنے میں کافی آسانی ہوگی اور ان کی اقتصادی حالت بھی بہتر بنے گی ۔

11 years of NDA Govt

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت ہمدرد اور غریب پرور ہے ۔مرکز میں NDA حکومت کے 11سال مکمل ہونے پر وزیر اعظم نے لوگوں کو غربت کے دائرے سے باہر نکالنے اور شمولیاتی عمل کو دوام بخشنے کیلئے سرکار کی طرف سے کئے گئے تاریخی اقدامات کو اجا گر کیا۔ادھر وادی کے ایک سماجی کارکن سید مجتبیٰ نے وزیر اعظم کی قیادت والی حکومت کے کام کی ستائش کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا۔

حج

سعودی عرب میں دنیا بھر سے آئے ہوئے عازمین کرام مناسک حج کی ادائیگی میں مصروف عمل ہیں۔

عازمین آج صبح سے ہی مزدلفہ سے منیٰ پہنچ کر علامتی طور شیطان پر کنکریاں مار رہے ہیں ۔ وہ اس کے بعد جانوروں کی قربانی پیش کررہے ہیں ۔ اس سے قبل عازمین کل رات میدان عرفات سے مزدلفہ پہنچ گئے تھے جہاں انہوں نے کنکریاں جمع کرکے نماز مغرب اور عشاءایک ساتھ ادا کر کے رات کھلے آسمان تلے گزاری ۔

سعودی عرب میں آج عید الضحیٰ منائی جا رہی ہے ۔جبکہ بر صغیر میں بکر عید کل منائی جائے گی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 اعشاریہ 7ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ